## سوال

حدیث

## جواب

کنزالعمال کی حدیث السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک مولوی صاحب سے بیان میں سنا کی ایک اعرابی نے کہا میں تمام لوگوں سے امیر بننا چاہتا ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یہ کرو امیر بن جاؤ گے اعرابی نے کہا میں تمام لوگوں سے متقی بننا چاہتا ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یہ کرو تو متقی بن جاؤ گے وغیرہ۔ بہت سی چیزوں کے بن جانے کے بارے پوچھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم جواب دیتے رہے اور کنزالعمال کا حوالہ دیا ہے، اس حدیث کے بارے میں معلوم کرنا ہے کہ آیا یہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف اور اس کی تخریج بتا کر جزائے خیر حاصل کریں۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس معنی کی کوئی بھی حدیث کنزالعمال میں مجھے نہیں ملی، آپ بیان کرنے والے سے اس حدیث کا حوالہ طلب کریں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی